# Visit of Minister of State for External Affairs and Parliamentary Affairs to Oman (December 16-17, 2020)

December 15, 2020

---

## وزیر مملکت برائے خارجہ امور اور پارلیمانی امور کا عمان کا دورہ (17-16 دسمبر، 2020)

15 دسمبر، 2020

وزیر مملکت برائے امور خارجہ اور پارلیمانی امور جناب وی مرلی دھرن 16- 17 دیسمبر، 2020 کو عمان کا ایک سرکاری دورہ کریں گے۔ بطور وزیر مملکت عمان کے لئے یہ ان کا پہلا دورہ ہوگا۔ اس دورے کے دوران وہ عمان کے وزیر خارجہ اور لیبر منسٹر کے علاوہ دیگر وزراء سے بھی ملاقات کریں گے۔ وہ ہندوستانی برادری کے متعدد گروپ اور نو تشکیل شدہ عمان - ہندوستان دوستی ایسوسی ایشن کے ساتھ بھی بات چیت کریں گے۔ وزیر مملکت برائے خارجہ امور، انڈین سوشل کلب، سماجی کارکنوں، طبی اور تعلیم کے پیشہ ور افراد اور یوگا تنظیموں کے نمائندوں سے ملاقات کریں گے۔

دورے کے دوران، وزیر مملکت برائے خارجہ امور، مختلف باہمی امور کے علاوہ باہمی دلچسپی کے علاقائی اور بین الاقوامی امور پر بات چیت کریں گے۔ وہ خاص طور پر ہندوستانی برادری سے متعلق امور پر توجہ دیں گے۔ عمان میں 600000 سے زیادہ ہندوستانی ہیں۔ وندے بھارت مشن کے تحت عمان سے ہندوستانیوں کی باضابطہ وطن واپسی کے ساتھ ساتھ دونوں ممالک نے کووڈ 19 وبائی مرض کا مقابلہ کرنے کے لئے مل کر کام کیا ہے۔ ہندوستان نے یہ بھی یقینی بنایا کہ فوڈ اور دیگر ضروری اشیاء کی سپلائی چینز آسانی سے چلتی رہیں، اور عمان میں صحت کے پیشہ ور افراد کی واپسی میں سہولت فراہم ہو سکے۔ ایک ایئر ببل انتظام کے تحت دونوں ممالک کے درمیان پروازیں چل رہی ہیں۔ عمان نے حال ہی میں یہ بھی اعلان کیا ہے کہ ہندوستانیوں کو دس دن کے لئے عمان کا دورہ کرنے پر انٹری ویزا سے استثنیٰ حاصل ہوگا۔

ہندوستان اور عمان جغرافیہ، تاریخ اور ثقافت سے جڑے ہوئے ہیں، اور دونوں ممالک گرم جوشی اور خوشگوار تعلقات سے سرشار رہے ہیں۔ دونوں ممالک کے مابین اسٹریٹجک شراکت داری رہی ہے، اور دونوں ممالک کووڈ-19 وبائی مرض کے دوران قریبی اعلی سطح کے روابط برقرار رکھے ہوئے ہیں۔ وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے اپریل 2020 میں عمان کے بادشاہ عزت مآب سلطان

ہیثم بن طارق کے ساتھ ٹیلیفون پر بات کی تھی۔ وزیر خارجہ نے 2 دسمبر 2020 کو عمان کے وزیر خارجہ کے ساتھ ایک ورچوئل میٹنگ کا انعقاد کیا تھا۔ ہندوستان۔ عمان کے مشترکہ کمیشن اجلاس (جے سی ایم) کو اکتوبر 2020 میں ورچوئل طور پر منعقد کیا گیا تھا، جس میں دونوں ممالک کی وزارت تجارت کی طرف سے وزارتی سطح پر عہدیداران شریک ہوئے تھے۔

**نئی دہلی**

**15 دسمبر، 2020**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.